شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

2مارچ2025ء

پریس ریلیز

آیئے ہم ماہِ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں سے بھرپور استفادہ کریں۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): آیئے ہم ماہِ رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتوں سے بھرپور استفادہ کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کا مہینہ نیکیوں کا موسمِ بہار ہوتا ہے۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ اس ماہِ مبارک میں جو مسلمان دن کا روزہ رکھیں گے اور رات کو قرآن مجید سے جُڑ کر اللہ تعالیٰ کے حضور قیام کریں گے، قیامت کے دن روزہ اور قرآن دونوں اُن کے حق میں سفارش کریں گے۔ لہٰذا ہمیں ماہِ رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کا بھرپور فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنے گناہوں سے تائب ہو جانا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مضبوط کرنے اور اُس کی رضا حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ قرآنِ کریم جو کتابِ ہدایت ہے اُس کو سمجھنے اور اُس سے رہنمائی اور رہبری حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرنی چاہیے تاکہ دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب ہو سکیں۔ کشمیر اور فلسطین سمیت جہاں بھی مسلمان ظلم کا شکار ہیں اُن کو اپنی دعاؤں میں خصوصی طور پر یاد رکھیں۔ ارضِ فلسطین کے حوالے سے اُنہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں بھی اسرائیل رمضان المبارک میں غزہ، مغربی کنارے، مشرقی یروشلم اور مسجدِ اقصیٰ پر دھاوا بولتا رہا ہے۔ 7اکتوبر 2023ء کے بعد اسرائیل نے غزہ پر مسلسل ساڑھے 13ماہ بمباری کر کے اُسے کھنڈر میں بدل دیا اور غزہ میں بچوں، عورتوں اور بوڑھوں سمیت تقریباً50000افراد شہید کر دیئے۔ لیکن اس رمضان المبارک میں اس بات کا زیادہ اندیشہ ہے کہ صہیونی فوج تمام معاہدوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے فلسطینی مسلمانوں کا قتلِ عام دوبارہ شروع کر دے گی۔ اسرائیل مسجد اقصیٰ کو بھی خدانخواستہ نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتا ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے فلسطینی مسلمانوں اور مسجد اقصیٰ کی حفاظت کے لیے عملی اقدامات کریں۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت